© rasailojaraid.com



# مسافرانِ آخرت

ادارہ

★ مجلس احرار اسلام سندھ کے امیر مولانا مفتی عطاء الرحمٰن قریشی کے چچا زاد بھائی اور جماعت کے مخلص کارکن زاہد حسین قریشی (ڈیرہ غازی خان) 8؍فروری، جمعرات دو بجے شب انتقال کر گئے۔

★ مجلس احرار اسلام اور دارالعلوم ختم نبوت چیچہ وطنی کے معاون حاجی منظور احمد (چک نمبر 42_12، ایل) 18؍فروری، اتوار کو انتقال کر گئے، نمازِ جنازہ 19 فروری پیر کو ادا کی گئی۔

★ جامعہ خیر المدارس کے استاذ مفتی عمر فاروق صاحب انتقال: 13 مارچ

★ حضرت مولانا قاری محمد یسین (جامعہ دارالقرآن فیصل آباد) کے بیٹے قاری عثمان غنی ٹریفک حادثے میں 14؍مارچ کو انتقال کر گئے

★ جمعیت علماء اسلام ضلع ملتان کے امیر شیخ محمد عمر کے والد اور مجلس احرار اسلام ملتان کے سرپرست صوفی نذیر احمد کے ماموں شیخ محمد اصغر، انتقال: 17 مارچ

★ ملتان میں ہمارے نہایت کرم فرما حاجی عبدالعزیز مرحوم (احمد سویٹس والے) کی اہلیہ، بھائی محمد عاصم، محمد احمد، سعید احمد، محمد ظریف، محمد عامر اور محمد قاسم کی والدہ 25؍مارچ کو انتقال کر گئیں۔ قائد احرار حضرت پیر جی اور سید محمد کفیل بخاری نے اظہار تعزیت کیا

★ حضرت مولانا عبدالکریم خطیب چک نمبر 12/42 ایل 26؍مارچ پیر کو انتقال فرما گئے، دارالعلوم ختم نبوت چیچہ وطنی کے تا حیات معاون رہے قاری محمد قاسم کے دوستوں میں سے تھے مرحوم کے فرزندان نے قاری محمد قاسم کے پاس قرآن پاک حفظ کیا، نماز جنازہ بعد نماز عصر ادا کی گئی۔

★ ساہیوال کے سینئر صحافی راغب علی سید 26؍مارچ پیر کو انتقال فرما گئے، نماز جنازہ بعد نماز مغرب جامعہ فریدیہ ساہیوال میں ادا کی گئی، مرحوم حاجی عبداللطیف خالد چیمہ کے انتہائی بے تکلف دوستوں میں سے تھے اور تحریک ختم نبوت کی خبروں کی اشاعت میں ہمیشہ دلچسپی رکھتے تھے، علماء ساہیوال قاری منظور احمد طاہر، قاری سعید ابن شہید، قاری بشیر احمد رحیمی اور مولانا عبدالباسط نے مرحوم کے انتقال پر تعزیت کا اظہار اور دعائے مغفرت کی ہے۔

احباب و قارئین سے درخواست ہے کہ تمام مرحومین کے لیے ایصالِ ثواب اور دعاءِ مغفرت کا خاص اہتمام فرمائیں۔ اللہ تعالیٰ سب کی مغفرت فرمائے، حسنات قبول فرمائے اور اعلیٰ علیین میں جگہ عطا فرمائے۔ پسماندگان کو صبر جمیل اور اجر عظیم عطا فرمائے۔

☆......☆......☆



© rasailojaraid.com